احساس کیا اور واپسی سے قبل اسے مہیا کرنے کا نظم بھی فرمایا۔ اب یہ دو واٹر کولر تقریباً بیس ہزار روپے کے مصارف سے دارالعلوم میں کام شروع کر چکے ہیں اور اپنے معطی حضرات کے لئے صدقۂ جاریہ کا باعث بن رہے ہیں۔

کتابوں کا گرانقدر عطیہ حسن ابدال کے جناب مولانا قاضی عبدالقادر ہزاروی مرحوم اسلامی علوم و فنون کی گرانقدر کتابوں کا ذخیرہ چھوڑ چکے تھے۔ اب یہ نادر خزانہ مرحوم کے فرزند مولانا عبدالقیوم صاحب اور مولانا حافظ عبدالقادر صاحب کے مساعی سے کتب خانہ دارالعلوم پر وقف ہو کر محفوظ ہو چکا ہے۔ چار بوریوں پر مشتمل تقریباً دو سو کتابوں حدیث و تفسیر کی ضخیم مجلدات اور کچھ نہایت نادر قلمی مخطوطات بھی شامل ہیں۔ ارباب دارالعلوم اس علمی عطیہ پر مرحوم کے رفع درجات کے متمنی اور تمام متعلقہ حضرات کے ممنون ہیں۔

دورۂ تفسیر اس سال یکم رمضان المبارک سے دارالعلوم میں حضرت مولانا شیر علی شاہ صاحب سابق استاذ دارالعلوم حقانیہ قرآن مجید کا ترجمہ و تفسیر پڑھا رہے ہیں۔ طلبہ اور مقامی حضرات ذوق شوق سے شریک ہوتے ہیں۔ اس طرح الحمدللہ دارالحدیث شہر نزول قرآن میں دارالتفسیر بن گیا ہے۔ مولانا موصوف دارالعلوم کے ہونہار قدیم فاضل اور اب پچھلے دس سال سے جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں مقیم ہیں۔ موصوف تعطیلات میں گھر تشریف لائے ہوئے ہیں۔

نیلام عام

میونسپل کمیٹی نوشہرہ کلاں ضلع پشاور آمدن محصول چونگی بغیر واپڈا کا ٹھیکہ مورخہ ۸۱-۶-۱۵ کو دفتر میونسپل کمیٹی ہذا میں نیلام عام کرنا چاہتی ہے۔

تفصیل نیلام	تاریخ اور وقت نیلام	زرضمانت
ا۔ آمدن محصول چونگی بغیر واپڈا از مورخہ ۸۱-۷-۱ تا ۸۲-۶-۳۰	مورخہ ۸۱-۶-۱۵ بروز سوموار بوقت ۹-۳۰ بجے دن	-/۱۰،۰۰۰ روپیہ

لہٰذا خواہشمند حضرات تاریخ اور مقررہ وقت پر تشریف لا کر زرضمانت بذریعہ بنک ڈرافٹ، چیئرمین میونسپل کمیٹی ہذا دفتر ہذا میں جمع کرا کے بولی میں شرکت فرماویں۔ شرائط و دیگر معلومات دفتر میونسپل کمیٹی نوشہرہ کلاں میں دوران دفتری اوقات کار ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

INF (P) 1527 حاجی ملک امیر محمد خان، چیئرمین میونسپل کمیٹی نوشہرہ کلاں۔